سوال

(128) نماز میں دو سکتے کرنے والی حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو سکتے کرتے تھے، ایک اس وقت جب نماز شروع کرتے اور ایک اس وقت جب آپ پوری قرآءت سے فارغ ہوتے۔ کیا یہ روایت صحیح ہے۔؟ (عبدالستار سومرو، کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث صحیح ہے۔

(دیکھئے سنن ابی داوٗد ج1 ص120 ح777 وھو حدیث صحیح ، وحسنہ الترمذی :51 وقال النیموی التقلیدی فی آثار السنن :383 "واسنادہ صحیح "وعنعنۃ الحسن البصری عن سمرۃ لیست بعلۃ قادحۃ کما حققتہ فی نیل المقصود فی التعلیق علی سنن ابی داوٗد ج1 ص131 ح354 ، یسر اللہ لنا طبعہ) راقم الحروف نے نیل المقصود میں یہ ثابت کیا ہے کہ سیدنا سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی معنعن روایت بھی صحیح ہوتی ہے اس لیے کہ یہ روایت کتاب سے ہے جو کہ بطور مناولہ ہے یا اجازہ یا بطور وجارہ۔

اصول حدیث میں ان تینوں صورتوں میں روایت واستدلال صحیح ہے علی الراجح بشرطیکہ اس کتاب کی نسبت مصنف تک باسند صحیح ثابت ہو اور نسخہ بھی صحیح وموثق ہو۔ دیکھئے مقدمہ ابن الصلاح (ص200 تا ص202 مع شرح العراقی)

1۔ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب کا موجود ہونا دلائل صحیحہ سے ثابت ہے۔

2۔ (اس کتاب میں سے) حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث (حدیث العقیقہ) سیدنا سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنی تھی۔ (شہادت مارچ 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ